روزنامہ الحیات
04-03-2022

# مانو ٹیم کی انٹر یونیورسٹی بیسٹ فزک چمپئن شپ کے لیے روانگی



الحیات نیوز سروس

حیدرآباد، 3 مارچ: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے طلباء کی بیسٹ فزک ٹیم آل انڈیا انٹر یونیورسٹی بیسٹ فزک چیمپئن شپ 2021-22 میں حصہ لے رہی ہے جو 8 تا 12 مارچ 2022، چنڈی گڑھ یونیورسٹی، موہالی، پنجاب میں منعقد ہو رہی ہے۔ ٹیم 5 مارچ کو موہالی روانہ ہوگی۔ ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر، نظامت جسمانی تعلیم و اسپورٹس کے بموجب ماسٹر آف سوشیل ورک کے طلباء محمد ابو اسامہ اور محمد فرحان، مقابلوں میں مانو کی نمائندگی کریں گے۔ اس سلسلے میں جناب محمد محمود، فٹنس ٹرینر کی نگرانی میں منتخب اتھلیٹس نے 10 دن کی تربیت/کوچنگ حاصل کی۔ جناب محمد محمود اس دورے میں بحیثیت کوچ دونوں کے ہمراہ ہوں گے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اس موقع پر ٹیم کو اسپورٹس کٹس حوالے کیں اور کہا کہ کھلاڑیوں کو اچھی کارکردگی دکھانے کے لیے فٹنس اور تربیت پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ باقی اللہ پر چھوڑ دینا چاہیے۔ اس موقع پر اسپورٹس اینڈ گیمز کمیٹی کے صدرنشین پروفیسر محمد عبدالعظیم اور اسسٹنٹ ڈائرکٹر اسپورٹس، ڈاکٹر محمد حبیب اللہ بھی موجود تھے۔

روزنامہ الحیات
04-03-2022

# قرۃ العین حیدر اردو ادب کے تخلیقی منظر نامے پر واقعتاً قرۃ العین ہی ہیں

## اردو یونیورسٹی میں توسیعی خطبہ، پروفیسر ارتضیٰ کریم، پروفیسر اشرف رفیع اور دیگر کی مخاطبت

الحیات نیوز سروس

حیدرآباد، 3 مارچ: قرۃ العین حیدر اردو فکشن ہی نہیں بلکہ اردو ادب کے تخلیقی منظر نامے پر واقعتاً اردو ادب کی 'قرۃ العین' ہی ہیں۔ وہ اپنے زمانے میں بھی معتبر تھیں، آج بھی مقبول ہیں اور مستقبل میں بھی مستند حوالے کی حیثیت سے اپنا مقام بنائے رکھیں گی۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز فکشن نقاد، سابق ڈین آرٹس فیکلٹی، سابق صدر شعبہ اردو، دہلی یونیورسٹی اور سابق ڈائرکٹر قومی اردو کونسل پروفیسر ارتضیٰ کریم نے شعبہ اردو، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے مالی تعاون سے منعقدہ توسیعی خطبہ بہ عنوان "ادب کی قرۃ العین" میں دوران خطاب کیا۔ اس جلسے کی صدارت پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، نائب شیخ الجامعہ نے کی۔ اس میں بطور مہمان خصوصی ممتاز نقاد، محقق اور سابق صدر شعبہ اردو، جامعہ عثمانیہ پروفیسر اشرف رفیع نے شرکت کی۔ پروفیسر ارتضیٰ کریم نے اپنے توسیعی لیکچر میں قرۃ العین حیدر کی گوناگوں شخصیت اور ان کے تخلیقی کارناموں کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی تخلیقات سے پھوٹنے والی کرنیں ہمارے ادب کو ہی نہیں، ہماری زندگی کو بھی منور کرتی ہیں۔ پروفیسر اشرف رفیع نے اس موقعے پر کہا کہ قرۃ العین حیدر کے ناولوں کا کینوس بے حد وسیع ہے۔ ان میں کرداروں کی ایک وسیع دنیا آباد ہے۔ انھوں نے تاریخ کے موضوعات پر ناول ضرور لکھے لیکن انھیں تاریخی ناول نہیں کہا۔ انھوں نے سفرنامے بھی بہت اچھے لکھے۔ مہمان اعزازی پروفیسر عزیز بانو، ڈین اسکول برائے السنہ لسانیات و ہندوستانیات نے کہا کہ شعبہ اردو اس بات کے لیے مبارک باد کا مستحق ہے کہ اس کی جانب سے قرۃ العین حیدر جیسی عبقری



شخصیت پر توسیعی خطبات کا آغاز کیا گیا ہے۔ پروفیسر ارتضیٰ کریم اس لیکچر کے لیے نہایت موزوں انتخاب ہیں۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ نے کہا کہ اہل دانش و بینش کی نظر میں اہل قلم کہلانے کے مستحق ایسے قلم کار ہوتے ہیں جن کی انگلیاں زمانے کی نبض اور وقت کے نشیب و فراز پر ہوتی ہیں۔ قرۃ العین حیدر کا شمار ایسے ہی عظیم قلم کاروں میں ہوتا ہے۔

صدر شعبہ اردو پروفیسر فاروق بخشی نے توسیعی خطبے کے آغاز میں استقبالیہ کلمات پیش کیے اور شعبے کی سرگرمیوں سے واقف کرایا۔ قرۃ العین حیدر کے حوالے سے انھوں نے کہا کہ ان کا ناول آگ کا دریا میں ہندوستان کی تین ہزار برسوں کی تاریخ کو ایک نئے زاویے سے دیکھنے کی کوشش ملتی ہے۔ جلسے میں شعبے کے اساتذہ، پروفیسر ابوالکلام، پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی، ڈاکٹر ابو شہیم خان، ڈاکٹر جابر حمزہ، ڈاکٹر بدر سلطانہ کے علاوہ طلبا کی ایک بڑی تعداد آن لائن شریک تھی۔ آئی ایم سی، مانو کی جانب سے اس کا لائیو ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔ توسیعی خطبے کا آغاز محمد سلمان، متعلم ایم اے اردو کی قرات کلام پاک سے ہوا۔ استاد شعبہ اردو پروفیسر مسرت جہاں نے پروگرام کی نظامت کی اور مہمان مقرر پروفیسر ارتضیٰ کریم کا تعارف بھی پیش کیا۔ ڈاکٹر فیروز عالم، اسسٹنٹ پروفیسر نے اظہار تشکر کیا۔

آداب تلنگانہ
4 مارچ 2022ء

# مانو ٹیم کی انٹر یونیورسٹی بیسٹ فزک چمپئن شپ کیلئے روانگی



حیدرآباد، 3/مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے طلباء کی بیسٹ فزک ٹیم آل انڈیا انٹر یونیورسٹی بیسٹ فزک چیمپئن شپ 22-2021 میں حصہ لے رہی ہے جو 8 تا 12/مارچ 2022، چندی گڑھ یونیورسٹی، موہالی، پنجاب میں منعقد ہو رہی ہے۔ ٹیم 5/مارچ کو موہالی روانہ ہوگی۔ ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر، نظامت جسمانی تعلیم و اسپورٹس کے بموجب ماسٹر آف سوشیل ورک کے طلباء محمد ابو اسامہ اور محمد فرحان، مقابلوں میں مانو کی نمائندگی کریں گے۔ اس سلسلے میں جناب محمد محمود، فٹنیس ٹرینر کی نگرانی میں منتخب اتھلیٹس نے 10 دن کی تربیت/کوچنگ حاصل کی۔ جناب محمد محمود اس دورے میں بحیثیت کوچ دونوں کے ہمراہ ہوں گے۔

پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اس موقع پر ٹیم کو اسپورٹس کٹس حوالے کیں اور کہا کہ کھلاڑیوں کو اچھی کارکردگی دکھانے کے لیے فٹنس اور تربیت پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ باقی اللہ پر چھوڑ دینا چاہیے۔ اس موقع پر اسپورٹس اینڈ گیمز کمیٹی کے صدرنشین پروفیسر محمد عبدالعظیم اور اسسٹنٹ ڈائرکٹر اسپورٹس، ڈاکٹر محمد حبیب اللہ بھی موجود تھے۔

آداب تلنگانہ
4 مارچ 2022ء

# قرۃ العین حیدر اردو ادب کے تخلیقی منظرنامے پر واقعتاً قرۃ العین ہی ہیں

## اردو یونیورسٹی میں توسیعی خطبہ۔ پروفیسر ارتضیٰ کریم، پروفیسر اشرف رفیع اور دیگر کی مخاطبت



حیدرآباد، 3/ مارچ (پریس نوٹ) قرۃ العین حیدر اردو فکشن ہی نہیں بلکہ اردو ادب کے تخلیقی منظرنامے پر واقعتاً اردو ادب کی 'قرۃ العین' ہی ہیں۔ وہ اپنے زمانے میں بھی معتبر تھیں، آج بھی مقبول ہیں اور مستقبل میں بھی مستند حوالے کی حیثیت سے اپنا مقام بنائے رکھیں گی۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز فکشن نقاد، سابق ڈین آرٹس فیکلٹی، سابق صدر شعبہ اردو، دہلی یونیورسٹی اور سابق ڈائرکٹر قومی اردو کونسل پروفیسر ارتضیٰ کریم نے شعبہ اردو، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے مالی تعاون سے منعقدہ توسیعی خطبہ بہ عنوان ''ادب کی قرۃ العین'' میں دوران خطاب کیا۔ اس جلسے کی صدارت پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، نائب شیخ الجامعہ نے کی۔ اس میں بطور مہمان خصوصی ممتاز نقاد، محقق اور سابق صدر شعبہ اردو، جامعہ عثمانیہ پروفیسر اشرف رفیع نے شرکت کی۔ پروفیسر ارتضیٰ کریم نے اپنے توسیعی لیکچر میں قرۃ العین حیدر کی گوناگوں شخصیت اور ان کے تخلیقی کارناموں کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی تخلیقات سے پھوٹنے والی کرنیں ہمارے ادب کو ہی نہیں، ہماری زندگی کو بھی منور کرتی ہیں۔ پروفیسر اشرف رفیع نے اس موقعے پر کہا کہ قرۃ العین حیدر کے ناولوں کا کینوس بے حد وسیع ہے۔ ان میں کرداروں کی ایک وسیع دنیا آباد ہے۔ انھوں نے تاریخ کے موضوعات پر ناول ضرور لکھے لیکن انھیں تاریخی ناول نہیں کہا۔ انھوں نے سفرنامے بھی بہت اچھے لکھے۔ مہمان اعزازی پروفیسر عزیز بانو، ڈین اسکول برائے السنہ لسانیات و ہندوستانیات نے کہا کہ شعبہ اردو اس بات کے لیے مبارکباد کا مستحق ہے کہ اس کی جانب سے قرۃ العین حیدر جیسی عبقری شخصیت پر توسیعی خطبات کا آغاز کیا گیا ہے۔ پروفیسر ارتضیٰ کریم اس لیکچر کے لیے نہایت موزوں انتخاب ہیں۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ نے کہا کہ اہل دانش و بینش کی نظر میں اہل قلم کہلانے کے مستحق ایسے قلم کار ہوتے ہیں جن کی انگلیاں زمانے کی نبض اور وقت کے نشیب و فراز پر ہوتی ہیں۔ قرۃ العین حیدر کا شمار ایسے ہی عظیم قلم کاروں میں ہوتا ہے۔ صدر شعبہ اردو پروفیسر فاروق بخشی نے توسیعی خطبے کے آغاز میں استقبالیہ کلمات پیش کیے اور شعبے کی سرگرمیوں سے واقف کرایا۔ قرۃ العین حیدر کے حوالے سے انھوں نے کہا کہ ان کا ناول آگ کا دریا میں ہندوستان کی تین ہزار برسوں کی تاریخ کو ایک نئے زاویے سے دیکھنے کی کوشش ملتی ہے۔ جلسے میں شعبے کے اساتذہ پروفیسر ابوالکلام، پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی، ڈاکٹر ابو شہیم خان، ڈاکٹر جابر حمزہ، ڈاکٹر بدر سلطانہ کے علاوہ طلباء کی ایک بڑی تعداد آن لائن شریک تھی۔ آئی ایم سی، مانو کی جانب سے اس کا لائیو ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔ توسیعی خطبے کا آغاز محمد سلمان، متعلم ایم اے اردو کی قرات کلام پاک سے ہوا۔ استاد شعبہ اردو پروفیسر مسرت جہاں نے پروگرام کی نظامت کی اور مہمان مقرر پروفیسر ارتضیٰ کریم کا تعارف بھی پیش کیا۔ ڈاکٹر فیروز عالم، اسسٹنٹ پروفیسر نے اظہار تشکر کیا۔

Standard Post, 3-3-2022

# National Science Day online Lecture held at MANUU







**(Standard Post, Bureau)**

Hyderabad, March 2 : Nanoparticles are one, two, and three-dimensional structures and have characteristic properties due to their specific configurations. The nanoparticles can be prepared from any material which can have better usability and sustainability", said Prof. Shamim Ahmad, eminent scientist and former Vice-Chancellor of Jamia Hamdard University, New Delhi, while delivering an online lecture organized by the School of Sciences (SoS), Maulana Azad National Urdu University (MANUU) in connection with National Science Day on 28th February, 2022. He spoke on the topic "Green Nanotechnology – A sustainable Development" as the keynote speaker of the programme. This year's theme was "Integrated approach in Science and Technology for a Sustainable Future".

Prof. Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor, presided over the lecture.

In his lecture, Prof. Ahmad highlighted several innovations and discoveries of sciences in the field of Nanotechnology and their application in biology and medical science. While introducing the formation of nanoparticles, he emphasised on plant-mediated synthesis of silver and gold nanoparticles for antibacterial and anti-cancer applications and converting medicinal plants into nanoparticle compounds. Prof. Ahmad also talked about Carbon Nanoparticles and their various applications and role of these particles in printing. He shed light on the functions of nanoparticles in targeted drug and gene delivery and their application in bio-sensing, bacterial imaging, radiotherapy, phototherapy, and cellular imaging. The leading scientist also predicted that in the future these particles have a vast scope and can change the life of human beings through new techniques.

Prof. Ainul Hasan in his presidential remarks thanked Prof. Shamim Ahmad for his content-rich and thought provoking lecture. He highlighted the significance of the integrated approach of Science and Technology. It also fulfills the holistic approach of New Education Policy 2020, he said.

The Guest of Honour, Prof. Sk. Ishtiaque Ahmed, Registrar, delivered the welcome address.

Earlier, Prof. Salman Ahmad Khan, Dean, SoS & Convener of the program gave a brief about the importance of National Science Day which recalls the notable invention of "Raman Effect" by India's greatest scientist Sir C V Raman. He also introduced the keynote speaker.

Dr. Syed Salahuddin, Associate Professor (Chemistry) convened the programme and Dr. Qasimullah, Assistant Professor (Chemistry) proposed the vote of thanks. Dr. Rizwan Ahmad, Director, IMC coordinated the event through the MANUU-IMC YouTube media platform.

Tulway Sahar, 3-3-2022

# فروغِ زبان کے لیے اساتذہ کو طلبا کی نفسیات سے واقف ہونا ضروری۔ پروفیسر عزیز بانو

## اردو یونیورسٹی میں لینگویج ڈیولپمنٹ پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ کا انعقاد

حیدرآباد، 2/مارچ (پریس نوٹ) مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعۂ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیرِ اہتمام اساتذہ کے لیے (Language Development) پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ کا افتتاح 28/فروری 2022 کو عمل میں آیا۔ پروفیسر عزیز بانو، ڈین، اسکول برائے السنہ لسانیات اور ہندوستانیات، مانو نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ زبان ترسیل کا ذریعہ ہے۔ تدریسِ زبان کے روایتی طریقہ کار میں مواد کو اہمیت حاصل تھی جبکہ جدید طریقہ کار میں لسانی مہارتوں پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ فروغ زبان کے لیے اساتذہ کو طلبا کی نفسیات سے واقف ہونا ضروری ہے۔ پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر، مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعۂ تعلیم نے آن لائن ورکشاپ کے اغراض و مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ جناب اشرف نواز، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ تعلیم و تربیت، مانو نے افتتاحی اجلاس کی کارروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر فرحت علی، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ تعلیم و تربیت ورکشاپ کے کوآرڈینیٹر ہیں۔ قبل ازیں، ڈاکٹر عبدالعلیم کی تلاوت قرآن سے افتتاحی اجلاس کا آغاز ہوا۔ پہلے تکنیکی اجلاس میں پروفیسر احمد محفوظ، صدر شعبۂ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی نے ”حصول زبان اور تدریس زبان“ کے عنوان پر سیر حاصل گفتگو کی۔

Tulway Sahar, 3-3-2022

# اردو جاب میلہ، مانو میں آف لائن انٹرویو کی بھی سہولت

حیدرآباد، 2/ مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ٹریننگ اینڈ پلیسمنٹ سیل کی جانب سے مانو طلبہ اور اردو جاب میلے کے رجسٹرڈ شدہ امیدواروں کو یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ ایم بی اے، آئی ٹی آئی ڈپلومہ ہولڈر اور بی ٹیک طلباء کے لیے 3/ مارچ 2022 کو آف لائن انٹرویو منعقد کیا جارہا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام اردو جاب میلے کے تحت 4/فروری 2022 سے آن لائن انٹرویوز کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈاکٹر محمد یوسف خان، انچارج ٹریننگ اینڈ پلیسمنٹ سیل کے مطابق جاب میلے میں شرکت کرنے والی کمپنیوں نے اب خواہشمند امیدواروں کے آف لائن انٹرویوز کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ اس ضمن میں enable careers کی جانب سے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے طلبا اور اردو جاب میلے کے رجسٹرڈ امیدواروں کے انٹرویوز لیے جائیں گے جس کے دوران ایم بی اے طلبا کا شری رام لائف انشورنس کمپنی، حیدرآباد اور Unstring Technical Solutions، حیدرآباد کے لیے آئی ٹی آئی و بی ٹیک کامیاب طلبا کے انٹرویو 3/مارچ 2022 کو صبح 9 بجے شروع ہوں گے۔ تمام رجسٹرڈ طلبا سے خواہش کی گئی ہے کہ وہ بپابندی وقت ٹریننگ اینڈ پلیسمنٹ سیل، مانو پر موجود رہیں۔ مانو نے 4 فروری 2022 کو اولین تلنگانہ اردو جاب میلہ کا آن لائن طریقے سے افتتاح کیا جو کہ اب مارچ 2022 تک آن لائن اور آف لائن دونوں طریقوں سے جاری رہے گا۔ مزید تفصیلات کے لیے فون نمبر 9848171044 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

رہنمائے دکن

## مانو ٹیم انٹر یونیورسٹی بیسٹ فزک چمپئن شپ کیلئے روانہ



حیدرآباد، 3/مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے طلباء کی بیسٹ فزک ٹیم آل انڈیا انٹر یونیورسٹی بیسٹ فزک چمپئن شپ 22-2021 میں حصہ لے رہی ہے جو 8 تا 12/مارچ 2022، چندی گڑھ یونیورسٹی، موہالی، پنجاب میں منعقد ہو رہی ہے۔ ٹیم 5/مارچ کو موہالی روانہ ہوگی۔ ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر، نظامت جسمانی تعلیم و اسپورٹس کے بموجب ماسٹر آف سوشیل ورک کے طلباء محمد ابو اسامہ اور محمد فرحان، مقابلوں میں مانو کی نمائندگی کریں گے۔ جناب محمد محمود اس دورے میں بحیثیت کوچ دونوں کے ہمراہ ہوں گے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اس موقع پر ٹیم کو اسپورٹس کٹس حوالے کیں اور کہا کہ کھلاڑیوں کو اچھی کارکردگی دکھانے کے لیے فٹنس اور تربیت پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ باقی اللہ پر چھوڑ دینا چاہیے۔ اس موقع پر اسپورٹس اینڈ گیمز کمیٹی کے صدرنشین پروفیسر محمد عبدالعظیم اور اسسٹنٹ ڈائرکٹر اسپورٹس، ڈاکٹر محمد حبیب اللہ بھی موجود تھے۔

Sakshi

## ఇంటర్ యూనివర్సిటీ చాంపియన్‌షిప్‌కు 'మనూ' టీమ్



వీసీ ఐనుల్‌హసన్‌ను కలిసిన క్రీడాకారులు

రాయదుర్గం: ఆలిండియా ఇంటర్ యూనివర్సిటీ బెస్ట్ ఫిజిక్ చాంపియన్‌షిప్- 22కు మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ యూనివర్సిటీ జట్టును గురువారం ప్రకటించారు. పంజాబ్‌లోని మొహలిలో చండీఘడ్ యూనివర్సిటీలో ఈనెల 8 నుంచి 12వ తేదీ వరకు ఈ పోటీలను నిర్వహిస్తారు. ఉర్దూ యూనివర్శిటీ ఫిజికల్ ఎడ్యుకేషన్ అండ్ స్పోర్ట్స్ డిప్యూటీ డైరెక్టర్ డాక్టర్ ఏ కలీముల్లా, ఫిట్‌నెస్ ట్రైనర్ మహ్మద్ మహమూద్‌లు మాట్లాడుతూ మహ్మద్ అబుఒసామా, మహ్మద్ ఫర్హాన్ ఎంఎస్‌డబ్ల్యూ విద్యార్థులతో కూడిన జట్టును ప్రకటించారు. వారు వైస్‌చాన్సలర్ ప్రొఫెసర్ సయ్యద్ ఐనుల్ హసన్‌ను కలిశారు. క్రీడాకారులకు పూర్తి సహకారం అందిస్తామన్నారు. స్పోర్ట్స్ అండ్ గేమ్స్ కమిటీ చైర్మన్ ప్రొఫెసర్ మహ్మద్ అబ్దుల్ అజీమ్, అసిస్టెంట్ డైరెక్టర్ డాక్టర్ మహ్మద్ హబీబుల్లా పాల్గొన్నారు.



ఈ నెల 8నుంచి మొహాలీలోని చండీఘడ్ యూనివర్సిటీలో నిర్వహించే ఇంటర్ యూనివర్సిటీ బెస్ట్ ఫిజిక్ చాంపియన్ షిప్ పోటీల్లో పాల్గొనబోయే విద్యార్థులు మహ్మద్ అబు ఒసామా, మహ్మద్ ఫరాన్‌లతో మనూ వీసీ ఐనుల్ హసన్, ఫిజికల్ ఎడ్యుకేషన్, స్పోర్ట్స్ డిప్యూటీ డైరెక్టర్ డాక్టర్ ఎ.కరీముల్లా తదితరులు

- హైదరాబాద్ సిటీ, మార్చి 3 (ఆంధ్రజ్యోతి)

